## سوال

(85)قرآن مجید کوچومنے اور وسیلہ کی بابت سوال

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قرآن مجید کوچومنے اور وسیلہ کی بابت سوال

السلام و علیکم !التماس ہے مندرجہ زیل سوالات کا جواب مرحمت فرمایئں۔

1۔ قرآن مجید کوچومنا جائز ہے یا نہیں؟

2۔ محمد ﷺ کا واسطہ دے کر دعا کرنی یعنی اے اللہ محمد رسول اللہ ﷺ کے صدقے مجھے بخش دے جائز ہے یا نہیں یا شرک ہے۔؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

1۔ قرآن مجید کو پڑھتے وقت چومنا یاد رہے کسی حدیث صحیح یا تعامل صحابہ رضوان اللہ عنہم اجمین سے ثابت نہیں۔

2۔ دعا کرتے وقت نبی اکرم ﷺ یا کسی نبی بزرگ کا واسطہ یا وسیلہ یا طفیل وغیرہ کا کوئی ثبوت قرآن و حدیث سے نہیں ہے۔ قرآنی ادعیہ یا احادیث میں جو دعایئں مذکور ہیں۔ان میں نہیں۔واسطہ وسیلہ وغیرہ کا کوئی زکر نہیں۔لہذا اس سے بچنا چاہیے۔(فتاویٰ ستاریہ صفحہ169)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

**جلد12ص166**